صوتی آلودگی کا مسئلہ

چھبیسواں فقہی سمینار منعقدہ: ۵-۷/ جمادی الثانی ۱۴۳۸ھ مطابق ۴-۶/ مارچ ۲۰۱۷ء، اجین، مدھیہ پردیش

صوتی آلودگی اس دور کا انتہائی اہم مسئلہ ہے اور اس سلسلہ میں ہونے والی بے اعتدالیاں اسلامی تعلیمات کے منافی ہیں، اس لئے:

۱- پُرشور مشینوں کے سلسلہ میں جو سرکاری ہدایات جاری کی جاتی ہیں ان کی پابندی کی جائے۔

۲- غیر ضروری ہارن بجانا یا بہت تیز آواز کا ہارن لگانا درست نہیں، اور اس سلسلہ میں حکومتی ہدایات کی پاسداری لازم ہے۔

۳- DJ وغیرہ پر گانا بجانا شرعاً ناجائز ہے، اس کے علاوہ اس کی آواز انسانی صحت اور ماحول کے لئے بھی سخت نقصاندہ ہے، لہٰذا اس پہلو سے بھی اس کا استعمال درست نہیں۔

۴- جلسوں اور مشاعروں میں ضرورت سے زیادہ لاؤڈ اسپیکر کا استعمال درست نہیں ہے، اور اس سلسلہ کے قوانین کی پابندی کرنی چاہیے۔

☆☆☆